## سوال

(202) چار آدمی مسجد کے پاس بیٹھ کرتاش اور جوا کھیلتے تھے لخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته

چار آدمی مسجد کے پاس بیٹھ کرتاش اور جوا کھیلتے تھے۔ ایک پرہیز گار متقی نے انھیں منع کیا۔ کہ یہاں مت کھیلو انھوں نے جواب دیا یہ تو مسجد نہیں۔ جاؤ تمہارا اس میں کام نہیں۔ مسجد کے متولی نے بھی کھلاڑیوں کی تایئد کی۔ درآنحالیکہ وہ جگہ متصل مسجد ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ متولی از وارث وقف کنندہ مرحوم متولی ہے۔ کیا یہ سب کھلاڑی اور متولی صاحب مجرم ہیں۔ (خریدار نمبر8783)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبركاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

تاش جوا وغیرہ ہر جگہ منع ہے۔ مسجد کے پاس ہو یا دور کھلینے والوں کی تایئد کرنا بھی گناہ ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد2ص153**

محدث فتویٰ